SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ACT NO.V OF 1991

سندھ مالیات (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 1991

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم

Amendment of section 12 of W.P Act XXXIV of 1964

۳۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of section 8 of Sindh Act XV of 1975

۴۔ ۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس III کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance III of 1991

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ACT NO.V OF 1991

سندھ مالیات (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 1991

[۱۳ جون ۱۹۹۱]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ اور سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ اور سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔(۱) اس ایکٹ کو سندھ مالیات (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم
Amendment of section 12 of W.P Act XXXIV of 1964

۲۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ کی دفعہ ۱۲ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۲) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(2-A) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت واجب الادا محصول پر ایک سرچارج پندرہ پیسے فی ۴۰ کلوگرام کے حساب سے وصول کی جائے گی، جیسے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے تحت بنائی گئی کاؤنسلز کے تحت چلنے والی واٹر سپلائی اور ڈرینیج اسکیم کے خرچوں کو چلایا جاسکے۔"؛

(ii) ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ "محصول" اور لفظ "واجب الادا" کے درمیاں الفاظ

"اور سرچارج" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of section 8 of Sindh Act XV of 1975

۳۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ کی دفعہ ۸ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(1-A) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت واجب الادا محصول پر ایک سرچارج پچاس پیسے فی ۱۰۰ کلوگرام کے حساب سے کاؤنسلز کے تحت چلنے والے واٹر سپلائی اور ڈرینیج اسکیم کے خرچوں کو چلانے کے لیئے وصول کی جائے گی۔"؛

(ii) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ اور عدد "ذیلی دفعہ (۱) کے تحت فی" کے لیئے الفاظ "فی اور سرچارج" متبادل ہوں گے۔

(iii) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "فی اور" کے لیئے لفظ اور کاما "فی، سرچارج اور" متبادل ہوں گے۔

۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس III کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance III of 1991

۴۔ سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا